بسم الله الرحمن الرحيم
الصلوة والسلام عليك يا رسول الله صلى الله عليه وسلم

Gair Muqallideen Ke Marko Fareb Ka Pardah Chaak Karne Wali Kitabe La'jawab.

"Ulama E Ahnaaf Aur Rakate Taraveeh"

~☆Musannif☆~

Gaziye Ahlesunnat, Haadime Qasre Gair Muqallidiyat, Zaigame Hanafiyat, Ataye Imame Azam, Hazrat Allama Wa Maulana Hafiz O Qari Ash'shah Mufti Sufi Kaleem Hanfi Razvi Sahab Qibla Mumbai.

(Khalifah Huzoor Amine Shariat)

Founder- SUNNI JAMI'ATUL AHNAAF (MUMBAI)

Rabtah Number-
9146122911
9820672770

بسم الله الرحمن الرحيم، نحمده ونصلى ونسلم على رسوله الكريم صلى الله عليه وسلم

الحمد لله رب العالمين والصلاة والسلام على أشرف الأنبياء والمرسلين وعلى آله وأصحابه الذين هم هداة الدين وعلى من تبعهم من الفقهاء والمحدثين. اما

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

بعد.

Khair O Barkat Ka Muqaddas Mahina Ramzane Pak Jisme Har Musalman Gunahon Se Bachne Aur Kasrat Se Ibadat Karne Ki Puri Koshish Karta Hai Jo Log 11 Maah Khule Aam Gunah Karte Hain Wo Bhi Is Maah Me Hattal Imkaan Gunahon Se Parhez Karte Nazar Aate Hain, Aur Khoob Jee Laga Kar Ibadat Me Munhamik Hote Hain, Allah Pak Tamam Musalmano Ko Ye Taufeeq Bakhshe Ki Wo Pura Saal Hi Ramzane Pak Jaisa Guzare. (Aameen)

Hadees E Pak Ki Roshni Me Ye Baat Maloom Hoti Hai Ki Iblees E La'een Ramzan Me Zanjiron Me Jakda Jata Hai Lekin Hum Dekhte Hain Ki Iblees Ke Chele Jo Insani Shaklo Surat Me Ba'naame Musalman Hamare Beech Hain Wo Ramzan Ke Paak Mahine Me Bhi Apni Shararaton Se Baaz Nahi Aate Aur Musalmano Ko Chain Ki Saans Nahi Lene Dete, Unki Pareshani Bas Ye Hai Musalman Aakhir Ziyadah Ibadat Kyun Kar Raha Hai?

Musalmano Ko Kasrate Ibadat Se Rokne Ke Liye Quran O Hadees Ki Man Chaahi Taavile'n Karte Hain Aur 20 Rakat Taraveeh Ko Bid'at Aur Haraam Bata Kar Jaldi Wali Aur Aasaan 8 Rakat Taraveeh Ka Mashwarah Dete Hain, Taki Musalman Sawab Se Mehroom Rahe Aur Masjid Ke Pur'noor Mahol Se Jaldi Nikal Jaye.

Qariban 1 Sadi Se Iblees Ka Ye Lashkar Jisne Apna Naam "AHLEHADEES" Rakha Hai, Aur Amal Bil'Hadees Ki Aad Me Musalmano Ko Quran O Hadees Par Amal Se Rok Raha Hai Inke Fitna Phailane Ka Ye TARIQAH Hai Ki Ramzan Aate Hi Kitabe'n Risale Poster Aur Social Media Par 8 Rakat Ki Bahes Chhedte Hain Aur 20 Rakat Taraveeh Ko Na'jayez O Haram Batate Hain.

Tarveeh 8 Hai Ya 20 Iski Jaame Mudall'lal Aur Ilmi Bahes Mein Ne Apni Kitab-

"RAKATE TARAWEEH KA MUHAQQIQANA FAISLA"

Me Ki Hai Jo Chhap Kar Aachuki Hai.

(Aur Jise Aap Is Link Par Ja Kar Padh Sakte Hain Aur Copy Paste Bhi Kar Sakte Hain.

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

Http://M.Sunnijamiatulahnaaf.Page.Tl/RAKATE-TARAVEEH-KA-MUHAQQIQANA-FAISLA.Htm)

2 Saal Ka Arsa Hua Is Kitab Ko Chape, Par Aaj Tak Kisi Gair Muqallid Molvi Ki Himmat Na Hui Ki Iska Jawab Harf Ba Harf De Sake.

"NA KHANJAR UTHEGA NA TALWAR TUM SE.
YEH BAAZU MERE AAZMAYE HUYE HAIN."

Hum Ne Mazkurah Kitab (Rakate Taraveeh Ka MUHAQQIQANA Faisla) Me 20 Rakat Par Qaahir Daleele'n Pesh Ki Hain, Aur Us Par Ummat Ka Ijma Wa Tawatur Bhi Sabit Kiya Hai.

Ab Kuch Dino Se Dekhne Me Aaraha Hai Ki Gair Muqallideen Jinki Baat Is Masle Me Quran O Hadees Se Nahi Ban Paa Rahi Hai Wo Ulmae Ahnaaf (Hanfi Mazhab Ke Guzre Huye Bade Bade Ulama) Ki Ibaraat Ko Tod Marod Kar Logon Ko Wargalane Ki Koshish Kar Rahe Hain, Aur Hamare Bhole Bhaale Sunni Hanfi Bhai Aasani Se Unke Is Fareb Ka Shikar Ho Rahe Hain.

Aye Mere Pyare Sunni Hanfi Barelvi Jannati Bhaiyon.

Jo Firqah Quran O Hadees Ka Naam Le Kar Jhut Bolta Hai Kya Wo Ulame Kiram Ki Taraf Jhut Mansoob Nahi Karega?

Social Media Par Unka Ye Fitna Phailta Hi Ja Raha Hai Ki Bade Bade Hanfi Ulma Ne Bhi 8-Rakat Taraveeh Ko Hi Masnoon (Sunnat) Kaha Hai, Mere Ahbab Ne Mujh Se Pur'zor Taqaza Kiya Ki Mai Is Par Qalam Uthaun Lihaza Aaj 29/Shaban/1437-Hijri Ko Is Kitab-

"Ulama E Ahnaaf Aur Rakate Taraveeh"

Ka Aaghaz Kiya Hai, In-Sha-Allah Is Kitab Me Sarkar Imame Azam Abu Hanifah Noman Bin Sabit Koofi رضی اللہ تعالیٰ عنہ Se 14wi Sadi Hijri Tak Ke Ulama E Ahnaaf Ka Mauqif Is Masle Me Kya Hai Sabit Kiya Jayega.

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

"Meri Zindagi Ka Hai MAQSAD Ki Har Eik Ko Faiz Paohnche,
Mein Charage Reh Guzar Hun Mujhe Shaoq Se Jalao."

ALLAH Ke Nek Bandon Ke Liye Ramzan Ka Mubarak O Masood Mahina Aisa Hai Ki Usme Wo Apni Jholiyan Ibadaton Se Khoob Bharte Hain, Raat O Din Nawafil Ki Kasrat Tilawate Quran Aur Duroode Pak Ka Wird Karte Hain, Hadees Me Hai Ki Is Mahine Me Nafl Ka Sawab Farz Ke Barabar Kiya Jata Hai Aur Eik Farz Ka Sawab 70 Fara'iz Ke Barabar Hota Hai, Ab Koi Bad'Qismat Hi Hoga Jo Isse Faidah Na Uthaye, Aise Hi Bad'Qismat Hamare Zamane Ke Gair Muqallideen Hain Jo Khud To Kaahil Hain Aur Dusron Ko Bhi Rokte Hain, Aur Rokne Ke Liye Quran O Hadees Ka Jhuta Saraha Lete Hain Sath Hi Sath Ulamae Ahnaaf Par Bhi Ye Bohtan Rakhte Hain Ki Unho Ne Bhi Taraveeh Ko 8 Hi Rakat Sunnat Kaha Hai.

Magar HAQIQAT Kya Hai? Aaiye Ise Unki Mufassal Wa Musarrah Ibaraat Ki Roshni Me Mulahazah Farmayen-

"SIRAJE UMMAT IMAME AZAM ABU HANIFAH رضی اللہ تعالیٰ عنہ"

Imame Azam رضی اللہ عنہ Ke Mayah Naaz Shagird Hazrat Imam Qazi Abu Yousuf رحمہ اللہ Ne Unse Pucha

هل كان لعمر رضى الله عنه عهد من النبى صلى الله عليه وسلم فى عشرين ركعة ؟

فقال له أبو حنيفة رحمه الله تعالى، لم يكن عمر رضى الله عنه مبتدعا.

Tarjamah-

Kya Hazrat Umar رضی اللہ عنہ Ko 20 Rakat Taraveeh Ke Baare Me Huzoor صلی اللہ علیہ وسلم Se Koi Baat Maloom Thi?

Imam Abu Hanifah رحمہ اللہ تعالیٰ Ne Farmaya- Hazrat Umar رضی اللہ عنہ Bid'at Ke Ejaad Karne Wale Nahi The (Yani Bila Shubah Hazrat Umar رضی اللہ عنہ Ko 20 Rakat Taraveeh Ke Baare Me Huzoor صلی اللہ علیہ وسلم Se Koi

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

Baat Zaroor Malum Thi, Warna Wo Apni Taraf Se 20-Rakat Hi Ki Qaid Na Lagate)

{فیض الباری شرح بخاری، جلد-۲، صفحہ-۴۲۰، العرف الشذی، صفحہ-۳۳۰، البحر الرائق، جلد-۲، صفحہ-٦٦، طحاوی شریف صفحہ-۲٤٦}

Aasare Imame Abu Yousuf رحمہ اللہ Me Ye Riwayat Hai-

عن ابیه عن ابی حنیفة عن حماد عن ابراهیم ان الناس کانو یصلون خمس ترویحات فی رمضان

Tarjamah-

Yousuf Apne Walid Imam Abu Yousuf Se Wo Imam Abu Hanifah Se Wo Hammad Se Wo Ibra'heem Nakh'ee Se Riwayat Karte Hain Ki Log (Sahaba Wa Taba'een) Ramzan Me 5 Tarvihaat Padhte The.

{آثار امام ابو یوسف، صفحہ نمبر-٤١}

Eik Tarviha 4 Rakat Ke Baad Baithne Ko Kehte Hain, Jisme Namazi Kuch Dua Wagerah Padh Kar Apne Ko Aaram Dete Hain, Isi Tarah 5 Tarvihaat Ki Kul 20 Rakate'n Ho Gai'n.

Hanfi Mazhab Ke Mash'hoor Aalim Shamsul Aimmah Muhammad Bin Ahmad Bin Abi Sahal Sa'rakhsi رحمہ اللہ Apni Mash'hure Zamana Kitab "MABSOOT" Jo Ki Imam Muhammad Bin Hasan Sheebani رحمہ اللہ Ki Zahirur Riwayaat Par Mushtamil Hai Usme Aap Farmate Hain-

فانها عشرون رکعة سوی الوتر عندنا وقال مالك رحمه الله تعالی السنة فیها ستة وثلاثون قیل من اراد ان یعمل بقول مالك رحمه الله تعالی ویسلك مسلكه ینبغی ان یفعل کما قال ابو حنیفة رحمه الله تعالی یصلی عشرون رکعة کما هو السنة ویصلی الباقی فرادی کل تسلیمتین أربع رکعة وهذا مذهبنا وقال الشافعی رحمه الله تعالی لا بأس باداء الکل جماعة

Tarjamah-

Taraveeh Hamare (Ahnaaf) Ke Nazdeek 20-Rakate'n Hain, Aur Imam Malik رحمہ اللہ تعالی Kehte Hain Sunnat Isme

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

36-Rakaten Hain, Kaha Gaya Ki Jo Shakhs Imam Malik رحمہ اللہ Ke Qaul Par Amal Karna Chahe Uske Liye Theek Ye Hai Ki Imam Abu Hanifah رحمہ اللہ تعالیٰ Ke Bayan Ke MUTABIQ Amal Kare, Yaani Jamat Ke Saath 20 Padhe Kyun Ki Sunnat Yahi Hai Aur 16 Tanha Padhe, Har 4-Rakat Me 2 Salam Ho'n (Yani 2-2 Rakat Kar Ke) Ye Hamara (Ahnaaf Ka) Mazhab Hai, Aur Imam Shafai رحمہ اللہ تعالیٰ Ne Farmaya Kul Ki Kul 36 Jamat Se Padhne Me Koi Harj Nahi.

{مبسوط، جلد-٢، صفحہ نمبر-١٤٤}

Gair Muqallideen Ko Pata Hai Bhi Ki Imam Shamsul Aimmah رحمہ اللہ Hanfi Mazhab Ke Kitne Bade Aalim Guzre Hain?

Khudara Ulama E Ahnaaf کثرہم اللہ تعالیٰ Ki Taraf Jhut Mansoob Kar Ke Qaum Ko Dhoka Na De'n, Warna Yaad Rakhe'n Gulamane Imam Abu Hanifah رحمہ اللہ تعالیٰ Tumhare Har Makro Fareb Ka Pardah Chaak Karne Ke Liye Kasrat Se Maujood Hai.

Malikul Ulama Imam Ala'uddin Abu Bakr Bin Mas'ood Bin Ahmad Al'kasaani (Wafat 10-Rajab 587-Hijri, 9-August 1191-Esvi) Hanfi Mazhab Ke Jayyed Aalim Guzre Hain Wo Apni Mash'hoor Tasneef Me Tehreer Farmate Hain-

واما قدرها فعشرون ركعة فى عشر تسليمات فى خمس ترويحات كل تسليمتين ترويحة وهذا قول عامة العلماء وقال مالك فى قول ستة وثلاثون ركعة وفى قول ستة وعشرون ركعة والصحيح قول العامة لماروى أن عمر بن الخطاب رضي الله عنه جمع اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم فى شهر رمضان على ابى بن كعب فصلى بهم فى كل ليلة عشرين ركعة ولم ينكر عليه احد فيكون اجماعا منهم على ذلك

Tarjamah-

Taraveeh Ki MIQDAR 20-Rakat Hai, 10-Salamo'n Se, 5-Tarvihaat Me, Har Salam Me (4-Rakat Ke Bad) Eik Tarviha Hoga, Yahi Aam (Aksar) Ulama Ka Qaul Hai, Aur Imam Maalik رحمہ اللہ تعالیٰ Ne Eik Qaul Me 36-Rakat Aur 1 Me 26 Rakat Bayan Farmaya, Aur Sahi Aam Ulama Ka Qaul Yahi Hai Is Liye Ki Riwayat Kiya Gaya Hazrat Umar Bin Khattab رضی اللہ تعالیٰ عنہ Ne As'haabe Rasool صلی اللہ علیہ وسلم Ko Jama Farmaya Hazrat Ubai Bin Ka'ab رضی اللہ تعالیٰ عنہ Ki Imamat Me Ki Wo Logon (Sahaba) Ko 20 Rakat Padhayen Har Raat Me, Aur Is Par

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

Kisi Ne Inkaar Nahi Kiya, Pass Ye Sahaba E Kiram Ki Taraf Se Ijma Ho Gaya.

{بدائع الصنائع، جلد-١، صفحہ نمبر-٢٨٨}

Gair Muqallideen Ko Kaunse Hanfi Aalim Ki Kitab Me 8-Rakat Taraveeh Ki Daleel Mili?

Ye 1000 Saal Pehele Ke Hanfi Aalim Hain Jo 20-Rakat Taraveeh Par Sahaba E Kiram رضوان اللہ علیہم اجمعین Ka Ijma NAQL Farma Rahe Hain.

Zamana E Sahaba Se Aaj Tak Puri Ummat 20 Rakat Ki Qa'il Hai, Aur Ahnaaf Ka To Ispe Shiddat Se Amal Raha Hai, 8 Rakat Wale To Angrezi Daure IQTEDAR Ki Paidawar Hain Ajeeb Baat Hai Jo Shuru Se 20 Hi Ke Qayel Hain Unki Taraf 8 Rakat Ka Jhuta Qaul Mansoob Kar Ke Awam Ko Gumrah Kiya Ja Raha Hai.

"Uljha Hai Paa'n Yaar Ka Zulfe Daraaz Me,
Lo Aap Apne Daman Me Saiyyad Aagaya."

Gair Muqallideen Ne Logon Ko Dhoka Dene Ke Liye HIDAYAH Jo FIQHE Hanfi Ki Nihayat Mas'hoor Wa Motabar Aur Jaame Kitab Hai Usse Bhi 8 Rakat Taraveeh Sabit Karne Ki Koshish Ki Hai, Halanki Hidayah Me 8 Rakat Taraveeh Ke Masnoon Hone Ka Sire Se Koi Zikr Nahi Hai, Gair Muqallideen Ko Hidayah Se Hamesha Se Chidd Rahi Hai Aur Iska Rona Rote Hain Ki Hidayah Me Gande Aur Takhreebe AKHLAAQ Masayel Hain Hidayah Me Jo Hadisen Hain Wo Jhuti Hai.

Phir Ajeeb Baat Hai Is Kitab Se 8 Rakat Taraveeh Ke Sunnat Par Istedlal Kaise Jayez Ho Gaya?

Aaiye Hum Aapko Batayen Hidayah Kaisi Ba'azmat Kitab Hai Uske Musannif Kaun Hain Phir Batayenge Ki Hidayah Se Taraveeh 8 Sabit Hai Ya 20 Rakat.

(Hidayah Par Tafsilsi Malumaat Meri Kitab "Hidayah Par Aiterazaat Ke Jawabat" Me Padhe'n)

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

"Ta'aruf Hidayah Wa Sahebe Hidayah"

Hidayah Jaisi Azeem Kitab Ke Musannif Hain Allama Burhanuddin Abul Hasan Ali Bin Abi Bakar Bin Abdul Jaleel Bin AL'KHALEEL Bin Abi Bakar Al'farghani Al'marghinani رحمت اللہ علیہ Aap Hazrat Abu Bakar Siddiq رضی اللہ تعالیٰ عنہ Ki Aulad Me Se Hain, Allamah Marghinani Ki Paidaish 8-Rajab Ba'roz Peer 511-Hijri Ko Asr Ke WAQT Marghinan Me Hui.

{مقدمة الهداية، صفحہ نمبر-١}

Allamah Marghinani رحمت اللہ علیہ Ka Wisal 14-Zilhijjah Ba'roz Mangal 593-Hijri Ko Raat Me Hua. AAPKA Mazar Samar Qand Me Eik Maqbare Me Bana Jisme 400 Aise Log Dafn Hain Jinme Se Har Eik Ka Naam Muhammad Hai.

{مقدمة الهداية، صفحہ نمبر-١}

Allamah Marghinani رحمت اللہ علیہ Ke Hawale Se Alahazrat Imam Ahmad Raza Khan Barelvi رحمہ اللہ تعالیٰ Farmate Hain-

"Allama Marghinani As'habe Takhreej Wa Tarjeeh Me Se Hain."

{فتاوی رضویہ، جلد-١، صفحہ نمبر-٦٣}

Yani Wa Chaothe (4 Number) Darje Me Mujtajid The.

Hidayah FIQHE Hanfi Ki Wo Azeem Kitab Hai Jo Apni Jama'iyat Kasrate Masayel, Husne Tarteeb, Aur Munfarid Uslube Bayan Ke Lihaz Se Inferadi Khususiyat Ki Haamil Hai, Yahi Wajah Hai Ki Sadyon Se Dunya Bhar Ke Deeni Madaris Me Zeenat Bani Hui Hai, Iski Shaan-O-Shokat Ka Andaza Is Baat Se Lagayen Ki Jo Log Ilme FIQH Ko Gair Zaruri Samajhte Hain Aur Fiqhe Hanfi Se Unki Dushmani Zarbaul Masal Hai Unke Madarse Me Bhi Hidayah Nisaab Me Shamil Hai.

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

والفضل ما شدت بہ الاعداء

Allama Marghinani رحمت اللہ علیہ Ne Al'hidayah Ki Taleef Ka Aagahz Budh Ke Din Hijri-573 Zohar Ke WAQT Maahe Zee Qadah Me Shuru Kiya, Aap Farmate The Jo Kaam Budh Ke Din Shuru Hoga Wo Zaroor Pura Hoga, Aur Sarkar Imame Azam Abu Hanifah رحمہ اللہ تعالیٰ Bhi Budh Hi Se Kaam Ka Aaghaz Karte The, Allamah Marghinani Ne Hidayah Ko 13 Saal Ki Muddat Me Likha, Aur In 13 Saalon Tak Aap Roza Rakhte Rahe, Ilawah Aiyaame Man'hiyyah Ke (Jinme Roza Rakhna Haram Hai) Yahi Wajah Hai Ki Hidayah Aaj Maqbule Aalam Hai Aur In-Sha-Allah Qayamat Tak Rahegi.

800 Saal Guzarne Par Bhi Hidayah Ki Qanuni Haisiyat Me Zarra Barabar Farq Nahi Aayaa, Isse Har Daur Ke Har Maslak Ke Ulama Wa Fuqha Barabar Istefadah Karte Aarahe Hain.

Hidayah Asal Me Allama Marghinani Ki Kitab KIFAYATUL MUNTAHI Jo Ki 80 Jildon (Volumes) Me Hai Uski Sharah Hai, 80 Jildon Ka Padhna Aasan Kaam Nahi Tha Is Liye Aapne Uski Sharah Hidayah Likhi, Hidayah 4 Jildon Me Hai Jiske Pehli 2 Jilde'n Hidayah Awwalain Aur Aakhri 2 Jilde'n Hidayah Aakhirain Kehlati Hain, Hidayah Me Kul 57 Kitaben Add Ki Gai Hai.

[حدائق الحنفیہ، صفحہ نمبر-٤٣]

Maqame Gaor Hai Ki Hazrat Aurangzeb Alamgeer رحمہ اللہ Ke Hukm Se 500 Ulama Ne 10 Jildon Me Fatawa Hindiyah (Alamgiri) Likhi Aur Yahan Tanha Allamah Marghinani Ne 80 Jildon Me Kifayatul Muntahi Likhi.

Hidayah Sharif Me Hazrat Allamah Burhanuddin Marghinani رحمت اللہ علیہ Ne Taraveeh Ke 20-Rakat Hone Ka Faisla Diya Aur Sath Me Ye Bhi Bayan Farmaya Ki Hazrat Imam Hasan Bin Ziyad Ne Imame Azam رضی اللہ تعالیٰ عنہ Se 20-Rakat Taraveeh Ka Masnoon Hona Riwayat Kiya Hai.

Allama Marghinani رحمہ اللہ تعالیٰ Farmate Hain-

والاصح انها سنة كذا روى الحسن ابى حنيفة

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

Tarjamah-

Ziyadah Sahi Ye Hai Ki 20 Rakat Taraveeh Sunnat Hai, Aise Hi Hasan Ne Imam Abu Hanifah □ اللہ □ رحمہ Se Riwayat Kiya Hai.

{□دایہ □ شریف، جلد-۱، صفحہ □ نمبر-۱۵۱}

Mash'hoor Muhaddis Faqeeh Hanfi Aalim Allama Badruddin Ayni □ تعالیٰ □ اللہ □ رحمہ Jinka Pura Naam Hai-

Abu Muhammad Badruddin Ayni Al'hanfi Mehmood Bin Ahmad Bin Musa Bin Ahmad Bin Husain Bin Yousuf Bin Mehmood Ayni, Badruddin Laqab Aur Qaziul Quzzat Khitab Tha, Aapki Wiladat 26-Ramzan Hijri-762 Misr (Egypt) Me Hui Aur Wafat 27-Safar Hijri-855 Me Hui.

Aap Hanfi Mazhab Ke Daqqad Alim, Faqeeh, Azeem Mohaddis, Arbi Lughat Ke Mahir, Sariul Kitabab, Takhrije Hadees Aur Unke Kashfo Mu'aani Me Us'ate Kamil Rakhte The.

Aapne 25 Jildon Me Sahi Bukhari Sharif Ki Sharah Umdatul Qari Likhi, Allama Badruddin Ayni □ تعالیٰ □ اللہ □ رحمہ Taraveeh Ke Hawale Se Ahnaaf Aur Digar Aimmah Ka Maoqaf Likhte Hain-

ان عددها عشرون ركعة وبه قال الشافعى واحمد ونقلها القاضى عن جمهور العلماء وحكى ان الاسود ين يزيد كان يقوم بأربعين ركعة ويوتر بسبع وعند مالك ستة وثلاثون ركعة غير الوتر واحتج على ذلك بعمل اهل المدينة واحتج اصحابنا والشافعية والحنابلة بمارواه البيهقي باسناد صحيح عن السائب بن يزيد الصحابى قال كانو يقومون على عهد عمر رضى الله عنه بعشرين ركعة وعلى عهد عثمان وعلى رضى الله عنهما مثله

Tarjamah-

Taraveeh Ki Tadad 20-Rakat Hai, Isi Ke Qa'il Hain Imam Shafai □ اللہ □ رحمہ Aur Imam Ahmad Bin Hambal □ اللہ □ رحمہ Aur Qazi Ayaz □ اللہ □ رحمہ Ne Yahi 20-Rakat Jam'hoor Ulama Se Naql Ki Hain, Aur Bayan Kiya Hai Ki Aswad Bin Yazeed 40 Rakat Padhte The Aur 7 Witr, Aur Imam Malik □ اللہ □ رحمہ Ke Nazdeek 36 Rak'aten Hain Witr Ke Alawah, Unho Ne Is Silsile Me Ahle Madina Ke Amal Se Istedlal Kiya Hai, Aur Hamare As'haab Aur Shawafe Aur Hanabla

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

Ne Is Riwayat Se Istedlal Kiya Hai Jise Behaqi Ne Sanade Sahi Se Sahabiye Rasool (صلى اللہ علیہ وسلم) Hazrat Sayeb Bin Yazeed رضی اللہ عنہ Se Naql Kiya Hai Ki Sahaba E Kiram رضوان اللہ علیہم اجمعین Hazrat Umar Ke Daur Me 20 Rakat Padhte The, Aur Isi Tarah Hazrat Usman & Hazrat Ali Ke Daure Khilafat Me.

[عمدة القاری، جلد-۷، صفحہ نمبر -۱۷۸]

9wi Sadi Hijri Ke Mash'hoor Hanfi Aalim Allamah Kamaal Ibne Humam Hanfi Ma'turidi رحمہ اللہ تعالیٰ (Paidaish 790 Hijri Askandariyah (Alexandria) Wafat 861-Hijri Qaherah Misr (Cairo Egypt) Me Hui).

Aap Ne Hidayah Ki Sharah Fathul Qadeer Likhi Hai Usme Aap 20-Rakat Taraveeh Ke Hawale Se Tehreer Farmate Hain-

ثبت العشرون من زمن عمر فی المؤطا عن یزید بن رومان قال کان الناس یقومون فی زمن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ بثلاث وعشرین رکعة وروی البیهقي فی المعرفة عن السائب بن یزید قال کنا نقوم فی زمن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ بعشرین رکعة والوتر قال النووی فی الخلاصة اسناده صحیح

Tarjamah-

20-Rak'aten Hazrat Umar رضی اللہ عنہ Ke Zamane Se Mo'atta Imam Malik رحمہ اللہ Se Sabit Hain, Yazeed Bin Romaan رحمہ اللہ Kehte Hain Ki Log (Sahaba Wa Taba'een) Hazrat Umar Bin Khattab رضی اللہ تعالیٰ عنہ Ke Zamane Me 23 Rak'aten Padhte The, Aur Behaqi رحمہ اللہ Ne Ma'arfa Me Sayeb Bin Yazeed رضی اللہ تعالیٰ عنہ Se Riwayat Kiya Hai Ki Hum Log Hazrat Umar رضی اللہ عنہ Ke Zamane Me 20-Rakat Taraveeh Aur 3 Rakat Vitr Padhte The, Sharahe Muslim Imam Nowi رحمہ اللہ Ne Khulasa Me Kaha Hai Ki Iski Sanad Sahi Hai.

[فتح القدیر، جلد-۱، صفحہ نمبر-۳۳۳]

Fiqhe Hanfi Ke Bade Faqeeh, Usoole Fiqh Ke Bade Mahir, Aalim Mohaqiqq Aur Kasirut'tasaneef Ash'shaikh Zainul Aabideen Umar Bin Ibraheem Bin Nujaim Misri رحمہ اللہ (Paidaish 926-Hijri, Wafat 970-Hijri) Aap Apni Kitab Me 20-Rakat Taraveeh Ke Hawale Se Tehreer Farmate Hain-

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

والتراويح عشرون ركعة بعشر تسليمات بعد العشاء فى الياالى

Tarjamah-

Taraveeh Me 20-Rakate'n Hain, 10-Salam Se, Isha Ke Baad Ramzan Ki Raton Me.

[الاشبا□ والنظائر، صفحہ□ نمبر-٤٧]

Hazrat Imam Abul Barkaat Hafizuddin Abdullah Bin Ahmad Bin Mehmood An'nasafi رحمہ□ اللہ□ تعالیٰ (Mufassir, Mutakallim, Usooli, Jayyed Hanfi Faqeeh Hain) Likhte Hain-

وسن فى رمضان عشرون ركعة بعشر تسليمات بعد العشاء قبل الوتر.....إلخ

Tarjamah-

Ramzanul Mubarak Me 10-Salamo'n Se 20-Rakate'n Isha Ke Bad Witr Se Pehle Padhna Masnoon (Sunnat) Hai.

[كنز الدقائق، صفحہ□ نمبر-٣٦]

Allama Nasafi رحمہ اللہ Ki Mazkurah Ibarat Ki Sharah Karte Huye Allama Zainul Aabideen Ibne Nujaim Misri رحمہ اللہ Farmate Hain-

وقوله عشرون ركعة بيان كميتها وهو قول الجمهور لما فى المؤطا عن يزيد بن رومان قال كان الناس يقومون فى زمن عمر بن الخطاب رضى الله عنه بثلاث وعشرين ركعة وعليه عمل الناس شرقا وغربا

Tarjamah-

Saahibe Kanz (Allama Nasafi) Ka Qaul 20-Rakate'n Taraveeh Ki Miqdar Ka Bayan Hai. Aur Yahi Jamhoor Ka Qaul Hai, Is Liye Ki Mo'atta Imam Malik رحمہ□ اللہ□ Me Yazeed Bin Roman رحمہ□ اللہ□ Se Marwi Hai Ki Log (Sahaba

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

Wa Taba'een) Hazrat Umar Bin Khattab رضی اللہ تعالیٰ عنہ Ke Zamane Me 23 Rak'aten (Witr Ke Sath) Padha Karte The, Aur Isi Par Mashriq O Maghrib Har Jagah Ke Logon Ka Amal Hai.

[البحر الرائق، جلد-٢، صفحہ نمبر-٦٦]

Imam Abul Hasan Fakhruddin Hasan Bin Mansoor Bin Abdul Azeez Al'farghani Al"Awzajandi Al'maroof Qaazi Khan رحمہ اللہ تعالیٰ (Laqab- Shamsul Aimmah, Faqihun Nafs, Aur Fakhrul Islam Hai, Wafat- 593-Hijri Me Hui) Awzajand Farghana Ke Qareeb Asfhaan Ke Atraaf Me Eik Qasba Hai Wahi'n Se Aapka Ta'alluq Hai, Bilaade Mashriq Me Hanfiyah Ke Bade Fuqha Me Aapka Shumar Hota Hai.

Fatawa Qazi Khan Jise Fatawa Khaniyan Bhi Kehte Hain Aap Hi Ki Kitab Hai Jo Aaj Kal Fatawa Alamgeeri (Fatawa Hindiyah) Ke Sath Shaye Hoti Hai (Attached Aati Hai) Qaazi Khan Fiqhe Hanfi Me Bahot Mustanad Samjhi Jati Hai Qaazi Khan Ki Khususiyat Ye Hai Ki Isme Rajeh Qaul Ko Pehle Naql Kiya Gaya Hai.

Imam Awzajandi Yani Qazi Khan رحمہ اللہ Taraveeh Ki 20-Rakat Ke Hawale Se Likhte Hain-

مقدار التراویح عند اصحابنا والشافعی ما روی الحسن عن ابی حنیفة قال القیام فی شهر رمضان سنة لا ینبغی ترکها یصلی لاهل کل مسجد فی مسجدهم کل لیلة سوی الوتر عشرین رکعة خمس ترویحات بعشر تسلیمات یسلم فی کل رکعتین وقال مالك ان یصلی ستة وثلثین رکعة سوی الوتر لما روی عن عمر وعلی انهما کان یصلیان ستة وثلاثین ولنا روی عن ابن عباس قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی عشرین رکعة فی شهر رمضان ثم کان یوتر بثلث بعدها خص الرمضان بالذکر فالظاهر انه ارادبه التراویح وهو المشهور من الصحابة والتابعین رضوان الله علیهم اجمعین وما روی مالك غیر مشهور

Tarjamah-

Taraveeh Ki Miqdar Hamare As'haab Aur Imam Shafai رحمہ اللہ Ke Nazdeek Wahi Hai Jo Hasan Bin Ziyad Ne Imame Azam Abu Hanifah رحمہ اللہ تعالیٰ Se Naql Kiya Hai Ki Ramzan Me Qayam (Taraveeh Padhna) Sunnat Hai Iska Tark (Chhod Dena) Theek Nahi, Har Masjid Walon Ke Liye Unki Masjid Me Har Raat Witr Ke Ilawah 20-Rakate'n Padhi Jayen, 5-Tarvihe 10-Salamo'n Se, Har 2-Rakat Par Salam Phere, Aur Imam Malik رحمہ اللہ Ne Farmaya Witr Ke Ilawah 36-Rakaat Kyun Ki Hazrat Umar N Hazrat Ali رضی اللہ عنہما Se Marwi Hai Ki Wo Dono Hazraat 36 Rak'aten Padhte The, Aur Hamari (Ahnaaf N Shawafe Ki) Daleel Wo Riwayat Hai Jo Hazrat Abdullah

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

Bin Abbas عنہما رضی اللہ Se Marwi Hai Ki Rasulullah وسلم صلی اللہ علیہ Ramzan Ke Mahine Me 20-Rakate'n Aur Uske Bad 3 Witr Padhte The, Hazrat Abdullah Bin Abbas عنہما رضی اللہ Ne Ramzan Ka Naam Khas Liya Hai, Lihaza Zahir Hai Ki Isse Taraveeh Ko Hi Khas Murad Liya Hai, Aur 20-Rak'aten Sahaba E Kiram رضوان اللہ علیہم اجمعین Aur Taba'een Izam رحمہم اللہ علیہم Se Bhi Mash'hoor Hain, Aur Jo Imam Malik رحمہ اللہ Ne Riwayat Kiya Wo Gair Mash'hoor Hai.

[فتاوی قاضی خان، جلد-۱، صفحہ نمبر-۱۱۰]

Allama Abul Akhlaas Hasan Bin Ammar Sharam Bulali Hanfi Ma'turidi رحمہ اللہ تعالیٰ (Paidaish 994-Hijri Wafat 1069-Hijri Ba'roz Juma Ramzan Me Asr Ke Bad Hui) Aap 20-Rakat Taraveeh Ke Qa'yel Hain Neez Use Sunnat Batate Huye Kaisa Jaame Istedlal Farmate Hain Padhiye-

واما ثبت العشرون بمواظبة الخلفاء الراشدين ماعدا الصديق رضی الله تعالی عنه ففی البخاری فتوفی رسول الله صلی الله علیه وسلم والأمر علی ذلك فی خلافة ابی بكر وصدر من خلافة عمر رضی اللہ عنہ حین جمعهم عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ علی ابی بن كعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فقام بهم فی رمضان فكان ذالك اول اجتماع الناس علی قارئ واحد فی رمضان كما فی فتح الباری وبالجملة فهی سنة رسول الله صلی الله علیه وسلم سنۃالنا وندبنا الیہا وكیف لا، وقد قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علیكم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین المهدیین من بعدی عضوا علیها باالنواجذ وروی ابو نعیم من حدیث عروبة الكندی ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ستحدث بعدی اشیاء فاحبها الی ان تلزمواوما أحدث عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Tarjamah-

20-Rakate'n Hazrat Siddiqe Akbar رضی اللہ تعالیٰ عنہ Ko Chhod Kar Baqyah Khulafa E Rashideen (Hazrat Umar Hazrat Usman Hazrat Ali رضی اللہ عنہم) Se Bila Tark Mustaqilan Sabit Hai, Chunanche Bukhari Me Hai Rasulullah صلی اللہ علیہ وسلم Ki Wafat Ho Gai, Aur Maamla Isi Tarah Raha, Khilafate SIDDIQI Me Bhi Aur IBTEDAI DAURE FARUQI Me Bhi Yahan Tak Ki Hazrat Umar رضی اللہ عنہ Ne Unhe (Sahaba Wa Taba'een) Ko Ubai Bin Ka'ab رضی اللہ عنہ Par (Ki Imamat Par) Jama Kiya, Pass Unho Ne Unhe Ramzan Me Namaz Padhai, Ye Ramzan Me Eik Qaari Ke Piche Logon Ka Pehli Martabah Jama Hona Tha (Taraveeh Ki Namaz Ke Liye) Jaisa Ki Fathul Baari Me Hai, Haasile Kalaam Ye Ki Ye Huzoor صلی اللہ علیہ وسلم Ki Sunnat Hai, Jise Aapne Hamare Liye Muta'ayyen Farmaya Hai, Aur Kaise Na Ho Jab Huzoor صلی اللہ علیہ وسلم Khud Farma Chuke Hain Ki Tum Par Laazim Hai Ki Meri Aur Mere Baad Aane Wale Khulafa E Rashideen Ki Sunnat Ko Mazbuti Se Pakdo Jo Hidayat

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

Yaftah Hain, Abu No'Aim Ne Riwayat Kiya Hai Ki Uroobah Kindi Ki Hadees Me Hai Ki Rasulullah صلى اللہ علیہ وسلم Ne Irshad Farmaya Ki Mere Baad Jo Chize'n Tum Me Paida Hongi Mere Nazdeek Sab Se Pasandidah Wo Hai Jise Umar Ne Nikala Ho.

[طحاوی علی مراقی الفلاح، صفحہ نمبر-٢٤٦]

Gair Muqallideen Ne Sharm O Haya Ko Koson Door Chhod Diya Aur Ulama E Ahnaaf Ki Taraf 8 Rakat Taraveeh Ka Jhuta Qaul Mansoob Kiya Jisse Allah Ke In Nek Bandon Ka Daman Paak Hai, Ye Allama Sharam Bulali Hanfi Aalim Hi To Hain Jo 20 Rakat Ko Sunnat Qarar De Rahe Hain.

Jis Tarah Qurane Pak Ki Tafsire'n Har Daur Me Likhi Gai'n Aur Ahaadise Paak Par Har Zamane Me Sharhe'n Likhi Gai'n Isi Tarah FIQHE HANFI Ki Kitabe'n Bhi Har Daur Me Likhi Jati Rahi'n Aur Likhi Jati Rahengi.. (In-Sha-Allah)

FIQHE HANFI Ki Jo Kitabe'n Likhi Gai'n Hain Unme Se Eik Hai "DURRE MUKHTAR" Ye Kitab Huzoor صلى اللہ علیہ وسلم Ke Manami Ijazat Se (Khawab Me Ishare Se) Likhi Gai, Huzoor صلى الله عليه وسلم Farmate Hain-

حدثنا عبدان ، أخبرنا عبد الله ، عن يونس ، عن الزهري ، حدثني أبو سلمة ، أن أبا هريرة ، قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول من رآني في المنام فسيراني في اليقظة ، ولا يتمثل الشيطان بي

Tarjamah-

Hazrat Abu Hurairah Se Marwi Hai Unho Ne Huzoor صلى اللہ علیہ وسلم Se Suna Hai Ki Aapne Farmaya, Jisne Mujhe Khawab Me Dekha Wo Jald Hi Mujhe Bedari Me Bhi Dekhega Aur Shaitan Meri Surat Ikhtiyar Nahi Kar Sakta.

[صحیح بخاری، کتاب التعبیر، باب من رأی النبي صلى الله عليه وسلم فی المنام، رقم الحدیث-٦٩٩٣]

Durre Mukhtar Ke Musannif Allama Alaa'uddin Haskafi رحمہ اللہ Ko Khawab Me Sarkaar-E-Do Aalam صلى الله عليه وسلم Ne Apni Zaban E Mubarak Chusne Ka Hukm Diya Allamah Haskafi رحمہ اللہ Ne Sina E Nubuwwat Se

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

Ilm O Irfan Ka Samandar Paa Kar Madine Sharif Me Hi Riyazul Jannah Me Baith Kar Eik Kitab Likhi Jise Dunya Durre Mukhtar (Chuna Hua Moti) Ke Naam Se Janti Hai.

Is Mubarak Kitab Ko Allah Ne Tamam Arab O Ajam Me Sharfe Qubuliyat Bakhsha, Ye Har Darul Ifta Ki Zinat Bani, Shaam (Syria) Aur Misr (Egypt) Ke Ulama Ne Ispe Shurooh Wa Hawashi Likhi, Jo Arab Aur Ajam Me 400-Salon Se MAQBOOL Thi Jiske Radd Me Kisi Arab Alim Ne Eik Risala Nahi Likha Usi Mubarak Kitab Ke Radd Me Angrez Ke Wafadar Maulana Wahiduzzama'n Gair Muqallid Aalim Ne Eik Kitab NUZUL ABRAR Likhi Hai, Is Kitab Ki Ahmiyat To Dekhiye Usme Maujood Gande Masayel Ko Dekh Kar Unke Hi Andhe Muqallid Yaani Gair Muqallideen Ne Bhi Use Jute Ki Nok Par Rakh Kar Uda Diya.

Durre Mukhtar Ke Musannif HAZRAT MUHAMMAD BIN ALI AL'MARUF ALAA'UDDIN HASKAFI رحمہ اللہ تعالیٰ Hai. Aapki Wiladat 1025-Hijri Me DIMASHQ (Damascus) Me Hui.

Allama Haskafi رحمہ اللہ تعالیٰ Hanfi Fiqh Wa Usool Ke Maahir The, Ilme Hadees O Tafseer Aur Noh Me Saani Nahi Rakhte The, Aap AHNAAF Ke Bahot Bade Mufti Aur FAQEEH The DIMASHQ Me Ifta Ka Kaam (Fatwa Dene Ka) Aapke Sipurd Tha.

Aapne Bahot See Kitabe'n Likhi Magar Unme Sab Se Uncha MAQAM Durre Mukhtar Ko Hasil Hua, Aapki Wafat 1088-Hijri Ko Dimashq Me Hui Aur Wahi'n Dafn Huye.

Allama Haskafi رحمہ الرحمٰن علیہ Taraveeh Ki 20-Rakaat Ke Hawale Se Farmate Hain-

وهى عشرون ركعة حكمة مساوات المكمل للمكمل

Tarjamah-

Taraveeh 20-Rakate'n Hain Aur 20- Ki Hikmat Ye Hai Ki Mukammal Yaani Taraveeh Mukammal Yaani Fara'iz Ma'al Witr Ke Barabar Ho Jaye'n.

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

[درمختار، جلد-١، صفحہ نمبر-٤٧٤]

Fajr Ki Farz 2, Zohar Ki Farz 4, Asr Ki Farz 4, Maghrib Ki Farz 3, Isha Ki Farz 4, Aur Wajibul Witr 3 Kul 20 Hui, Yaani Faraiz O Wajib Raat O Din Me 20 Hain To Taraveeh Bhi 20 Hi Honi Chahiye.

Gair Muqallideen Ki Baat Na Quran Se Banegi Na Hadees Se Aur Naahi Fuqha Ke Yahan Inke Liye Kuch Hai, Ba'wajude Ki Ye Be"Sharm Firqah 8-Rakat Taraveeh Ka Masnoon Hona Fuqha E Ahnaaf Ki Taraf Mansoob Karta Hai Jab Ki Wo Iske Qayel Nahi.

Pyare Sunni Jannati Barelvi Bhaiyon Hadees Me Is Firqe Ke Hawale Se Huzoor صلی اللہ علیہ وسلم Ne Farmaya Tumhare Saamne Jhuti Hadise'n Layenge, Sochiye Jo Log Hadees Jhuti La Sakte Hain Kya Wo Ulama Aur FUQHA Ki Taraf Jhut Mansoob Nahi Kar Sakte?

20 Rakat Taraveeh Ke Silsile Me Eik Aur Jaiyyed Hanfi Aalim Allamah Ibne Abideen Shami Ka Bhi Mauqif Jaan Lijiye.

Allama Muhammad Ameen Bin Umar Bin Abdul Azeez Abideen Shaami Mulke Shaam Me Ahnaaf Ke Bade FAQEEH Aur Imam The, Aapki Wiladat 1198-Hijri Aur Wafat 1252-Hijri Me Hui, Aap Sahi'hun Nasab Sayyed Hain.

Wahabiyah Najdiyah Ke Imam Ibne Abdul Wahab Najdi Ke Batil AQAID Ke Parkhache Udane Wale Aur Uske Zulm O Sitam Ko Zabte Tehreer Me Laane Wale Arab Aalim Allama Shaami Hi Hain.

(Tanvirul Absar Kitab Ke Musannif Hain Shaikhul Islam Allama Shamshuddin Muhammad Bin Abdullah Bin Shahabuddin Ahmad Tamartashi Hanfi رحمہ اللہ Is Tanvirul Absaar Par Hashiyah Hai Durre Mukhtar Allamah Haskafi Hanfi رحمہ اللہ Ki, Uspar Hashiyah Hai Raddul Mohtar Allamah Shami Hanfi رحمہ اللہ Ki, Uspar Hashiyah Hai Jaddul Mumtaar Alahazrat Imam Ahmad Raza Hanfi Barelvi رحمہ اللہ Ki)

Raddul Mohtar Me Allama Shaami Hanfi رحمہ اللہ Taraveeh Ki 20-Rakat Hone Ke Hawale Se Likhte Hain-

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

قوله وعشرون ركعة) وهو قول الجمهور وعليه عمل الناس شرقا و غربا وعن مالك ست وثلاثون)

Tarjamah-

20 Raka'aten Hi Jamhoor Ka Qaul Hai, Aur Isi Par Sharqan Wa Garban Puri Ummat Ka Amal Hai, Aur Imam Malik رحمہ اللہ تعالیٰ Se 36 Raka'aten Marwi Hain.

[ردالمحتار على الدرالمختار، جلد-١، صفحہ نمبر-٤٧٤]

Ali Bin Sultan Muhammad, LAQAB Nuruddin, Al'Maruf Mulla Ali Qari Harwi رحمہ اللہ Hanfi Mazhab Ke Mash'hoor Aalim, FAQEEH, Muhaddis, Mufassir, Kasirut Tasaneef, Sufi, Jumla Uloome Islamiyah Ke Maahir, Aapki Wiladat 930-Hijri Ko Afghanistan Ke Shaher Khurasan Ke Qasbah Haraat Me Hui, Aur Wafat 1014-Hijri Me Makka Sharif Me Hui Tadfeen Jannatul Mo'Alla Me Hui.

Aapne Mishkat Sharif Ki Sharah Mirqatul Mafateeh Likhi Hai, Usme Aap 20-Rakat Taraveeh Ke Hawale Se Likhte Hain-

والذى صح انهم كانوا يقومون على عهد عمر بعشرين ركعة

Tarjamah.

Sanade Sahi Se Sabit Hai Ki Sahaba (رضوان اللہ علیہم اجمعین) Ahde Farooqi Me 20 Rak'aten Padhte The.

[مرقات المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، جلد-٢، صفحہ نمبر،١٧٤]

Isi Mirqat Me Dusri Jagah Likhte Hain-

وفى صحيحى ابن خزيمة وابن حبان انه صلى بهم ثمان ركعات والوتر لكن اجمع الصحابة على ان التراويح عشرون ركعة

Tarjamah-

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

Sahi Ibne Khuzaimah Wa Sahi Ibne Hibban Me Hai Ki Rasulullah صلى اللہ علیہ وسلم Ne Sahaba Ko 8 Rak'aten Padhai Aur 3 Witr Lekin Sahaba Ka Ijma Hai Ki Taraveeh 20 Rakat Hai.

[مرقات، جلد-٢، صفحہ نمبر-١٧٥}

Hazrat Mulla Ali Qari Ne Rasulullah صلى اللہ علیہ وسلم Se Jo 8 Rakat Ka Zikr Farmaya Wo Riwayat Za'eef Hai Tafseel Ke Liye Meri Kitab "RAKATE TARAVEEH KA MUHAQQIQANA FAISLA" Padhiye.

Hazrat Mulla Ali Qari Harwi رحمہ اللہ Niqayah Me Likhte Hain-

فصار اجماعا لما روى البيہقى باسناد صحيح انہم كانوا يقومون على عہد عمر بعشرين ركعة وعثمان و على

Tarjamah-

Pass Ijma Ho Gaya, Kyun Ki Behaqi Me Sanade Sahi Ke Sath Marwi Hai Ki Sahaba E Kiram Khilafate FAROOQI Me 20-Rakate'n Padhte The, Aise Hi Khilafate Usmani Aur Khilafate Ali Me Bhi.

[شرح نقايہ، جلد-١، صفحہ نمبر-١٠٤]

Gair Muqallideen Mulla Ali Qari رحمہ اللہ Ki Mirqat Se Sahi Ibne Khuzaimah Aur Sahi Ibne Hibban Ke Hawale Se 8 Rakat To Dikhate Hain Par Aage Mulla Ali Qari Ne Jispe Ijma Sabit Kiya Hai Use Kha Jate Hain, Aur Digar Kutub Me Wo 20 Hi Par Zor Dete Hain, Khud Bhi 20 Ke Qayel Hain Aur 20 Hi Ko Ijma'an Sahi Farmate Hain.

20 Rakat Taraveeh Ke Masnoon Hone Par Hum Ne Ab Tak Sarkar Imame Azam Abu Hanifah Noman Bin Sabit Koofi رضى اللہ تعالىٰ عنہ Se Hazrat Mulla ALI Qari Harwi رحمہ اللہ Tak Ke Jo Hawale Pesh Kiye Wo Saare Ulama Bairone Mulk Se Ta'alluq Rakhte Hain.

Ab Aaiye Hindustan Ke Hanfi Ulama Ka Maoqaf Pata Karen, Alhamdulillah Hindustan Me Jab Se Islam Ki Sham'a

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

Roshan Hui Yahan Jitne Badshah, Ulama, FUQHA, FUQRA, Sufiyah, Mashayekh, Tashreef Laye Sab Ke Sab MUQALLIDEEN The Jinme Aksar Ka Mazhab Hanfi Hi Tha.

Hindustan Me Musalmano Me Ahnaaf Ki Aksariyat Hamesha Se Ghalib Rahi Hai, Is Zarurat Ko Dekhte Huye Badshah Hazrat Aurangzeb Alamgeer رحمہ اللہ (Jo Khud Bhi Mazhaban Hanfi The) Musalmano Ke Shari Faislon Ko Quran O Sunnat Ke MUTABIQ Islami Adalat Me Hal Karne Ke Liye Eik Aisi Kitab Tarteeb Dene Ka Khayal Kiya Jisme FUQHA Ke Rajeh AQWAL Hon Taki Logon Ko Kai Kai Kitabon Ko Na Dekhna Pade, Balki Eik Hi Kitab Se Saare Masayel Hal Ho Jayen, Chunanche Badshah Ne Iske Liye Eik Kitab Tarteeb Dene Ka Khayal Kiya Jiske Liye Eik Committee Banai Gai, Jiska Sadar Hazrat Shaikh Nizam Burhanpuri رحمہ اللہ Ko Banaya, Aur Us WAQT Ke Bade Bade Fuqha E Kiram Jama Huye Jinhe Sarkari Khazane Se Tankha Dee Gai Aur Aisi Kitab Tarteeb Dee Gai Jo Us Zamane Se Aaj Tak Islami Adalaton Me Faislon Ke Liye Kaam Aati Rahi, Jiska Naam FATAWA ALAMGEERI Aur Fatawa Hindiyah Bhi Hai Isme Aur 2 Kitaben Add Ki Gai, QAZI KHAN Aur Fatawa Bazzaziyah.

Iske Tarjame Kai Zubano Me Huye Angrezi Daur Me Bhi Musalmano Ke Faisle Alamgeeri Se Hi Hal Hote The Alamgeeri Hindustan Ke Ilawah Kai Islami Mamalik Me Shari Faislon Ke Liye Rakhi Gai.

Aaj Bhi Koi Bade Se Bada Aalim Aisa Nahi Hai Jise Fatawa Alamgeeri Ki Zarurat Na Padti Ho Allah Pak Ne is Kitab Ko Badi MAQBULIYAT Bakhshi.

Is Fatawa Alamgeeri Me Hindustan Ke Bade Bade Ulama Ka MUTTAFAQAH Faislah 20 Rakat Taraveeh Ke Hawale Se Padhiye-

وهی خمس ترویحات کل ترویحة اربع رکعات بتسلیمتین کذا فی السراجیه

Tarjamah-

Taraveeh 5 Tarvihe Hai, Har Tarviha 4 Rakat Ka Hai 2 Salamo Se, Aisa Hi Sirajiyah Me Hai.

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

[فتاوی عالمگیری، جلد-١، صفحہ نمبر-٦٠]

Hindustan Me ILME Hadees Ki Tarvij O Isha'at Me Jis Shakhsiyat Ka Kirdaar Na'qabile Faramosh Hai Wo Hain Hazrat Shaikh Abdul HAQ Muhaddise Dahelvi رحمہ اللہ تعالیٰ Jo Hanfi Mazhab Ke Mayah Naaz Aalim Aur Mohaddis The, Huzoor صلی اللہ علیہ وسلم Se Aapko Dinwangi Ki HAD Tak Ishq Tha Jise Aapki Kitab "Jazbul Quloob Ila Dayaril MEHBOOB" Padh Kar Samjha Ja Sakta Hai.

Shaikh Abdul HAQ Muhaddise Dahelvi رحمہ اللہ تعالیٰ Hijri-958 Ko Delhi Me Paida Huye, 22 Saal Ki Umr Me Tamam Uloome AQLIYAH Wa NAQLIYAH Ki Tehseel Se Farigh Huye.

996-Hijri Me Harmain Sharifain Ka Rukh Kiya Aur Kai Saal Tak Harmain Ke Auliya Wa Ulama Se Istefadah Kiya Hazrat Shaikh Abdul Wahab Muttaqi رحمہ اللہ Ke Khalifa Shaikh Ali Muttaqi رحمہ اللہ Se ILME Hadees Ki TAKMEEL Ki.

Aap Qadri Silsile Me Hazrat Musa Pak Shaheed Ke Hathon Par Bai'at Huye Phir Huzoor Gause Pak رضی اللہ تعالیٰ عنہ Ke Ishare Se NAQSHBANDI Silsile Me Hazrat Khawaja BAQI BILLAH Naqshbandi Se Taib Bai'at Huye, Aur Is Tarah Aap Hazrat Mujaddid E Alf Saani رحمہ اللہ Ke Peer Bhai Bhi Huye.

Delhi Me Aapne Masnade ILM Hadees Bichai Jahan Se Hazzaron Ki Ilmi Piyas Bujhai 50-Saal Tak Aap Hadees Ka Dars Dete Rahe, Bil Aakhir Delhi Me Hi Aapka Wisal 1052-Hijri Ko Hua, Aapka Mazar Delhi Me Hai.

20-Rakat Taraveeh Ke Silsile Me Hazrat Shaikh Abdul HAQ Muhaddise Dahelvi رحمہ اللہ تعالیٰ Farmate Hain-

فالظاهر انه قد ثبت عندهم صلوة النبى صلى الله عليه وسلم عشرين ركعة كما جاء فى حديث ابن عباس فاختاره عمر

Tarjamah-

Pass Zahir Yahi Hai Ki Sahaba E Kiram رضوان اللہ علیہم اجمعین Ke Nazdeek Huzoor صلی اللہ علیہ وسلم Se 20-Rakat Taraveeh Sabit Hai, Jaisa Ki Abdullah Bin Abbas رضی اللہ عنہما Ki Riwayat Me Aaya Hai, Pass Hazrat Umar رضی

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

□ اللہ تعالٰی عنہ Ne Use Ikhtiyar Farmaya Hai.

[فتح المنان بمذہب النعمان، صفحہ نمبر-٤٧]

Hazrat Mujaddide Alf Saani Shaikh Ahmad Faruqi Hanafi Naqshbandi رحمہ اللہ تعالٰی Jinho Ne Hindustan Me Badshah Akbar Ke Fitne Ki Bunyade'n Hila Dee'n, Aur Uske Dharam Deen E Ilahi Ka Janazah Nikal Diya Tha, Hazrat Shaikh Ke Hathon Par Badshah Jahangeer Ne Taubah Ki Thi, Hazrat Shaikh 11wi Sadi Ke Mujaddid Hain Aap Hanfi Mazhab Ke Bahot Bade Aalim Guzre Hain, Aapke Wisal Ke 80-Saal Baad Hazrat Shah Wali'ullah Muhaddis Dahelvi رحمہ اللہ Paida Huye Jab Hazrat Shah Wali'ullah 4 Saal Ke The Tab 12wi Sadi Ke Mujaddid Badshah Hazrat Aurangzeb Alamgeer رحمہ اللہ تعالٰی Ka Wisal Hua.

Hazrat Shah Wali'ullah Ne Imame Rabbani Mujaddide Alf Saani Shaikh Ahmad Sarhindi رحمہ اللہ Ke Mission Ko Aage Badhaya Aur Tamam Batil Mazahib Batil Firqon Ka Radd E Baleegh Shuru Kiya Bid'aat O Munkiraat Ki Dhajjiyan Uda Dee, Aap Ne Darse Hadees Ke Sath Tasneef O Taleef Ka Kaam Bhi Kiya Aapki Ye Kitabe'n Zaroor Padhni Chahiye 1-Hujjatullahel Balegah" 2-Iqdul Jeed" 3-Al Insaaf".

Imamul Hind Hazrat Shah Wali'ullah رحمہ اللہ Sakhti Se Mazhabe Ahlesunnat Pe Qa'im Aur Mazhab E Hanfi Ke Paband The.

20 Rakat Taraveeh Ke Hawale Se Shah Wali'ullah رحمہ اللہ Farmate Hai-

"Sahaba E Kiram رضوان اللہ علیہم اجمعین Ke Zamane Me Taraveeh Ki 20-Rakat Muqar'rar Hui Thi'n, Sahaba Aur Taba'een Ne Taraveeh Me 3 Chize'n Ziyadah Ki Hain, 1-Masjidon Me Jama Hona, 2-Shuru Raat Me Padhna, 3-Aur Taraveeh Ki 20 Rakat Puri Padhna.

[حجة الله البالغه، جلد-٢، صفحہ نمبر ٦٧]

Wahabi Deobandiyon Ka Imam Isma'eel Dahelvi Maqtool Hazrat Shah Wali'ullah رحمہ اللہ Ka Saga Pota Hai Aur Wahabi Deobandi Dono Shah Sahab Ko Apna Peshwa Mante Hain.

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

Gair Muqallidon Tum Apne Ko Salafi Kehte Ho Aur Jinhe Apna Aslaaf Maante Ho Unka Farman To Ye Hai Ki Taraveeh 20-Rakat Hai, Phir Aslaaf Ki Na Maan Kar Tum Salafi Hui Ya Qulfi Jo Jald Hi Pighal Jaati Hai, Riyal Ko Dekh Kar Raal Tapkane Waalon Apni Auqaat Me Aajao, Ye Hain Hamare Hanafi Ulama Jin Par Tum Ne 8-Rakat Taraveeh Ki Jhuti Tohmat Rakhi.

Hazrat Shah Wali'ullah رحمہ اللہ تعالیٰ Ke Farzand Shaikh Abdul Azeez Hanfi Mohaddise Dahelvi 13wi Sadi Hijri Ke Mujaddid Hain Aap Bhi 20-Hi Rakat Taraveeh Ke Qayel Hain,

14-Wi Sadi Ke Mujaddid Alahazrat Imame Imam Ahmad Raza Khan Hanfi Barelvi رحمہ اللہ تعالیٰ Bhi 20 Hi Rakat Ke Qayel Hain, Tafseel Ke Liye Aapki Fatawa Raziyah Sharif Dekhi Ja Sakti Hai.

Alahazrat Ke Khalifah Wa Shagird Sad'rushshariah Maulana Amjad Ali Azmi رحمہ اللہ Apni Mash'hoor Kitab "Bahar-E-Shariat" Me 20 Rakat Ke Hawale Se Farmate Hain-

"Jamhoor Ka Mazhab Ye Hai Ki Taraveeh Ki 20 Rakate'n Hain, Aur Yahi Ahaadees Se Sabit Hai."

[بہار شریعت، حصہ-٤، صفحہ نمبر-٦٨٨]

Maazi Qareeb Ke Hanfi Barelvi Aalim Khalifah Alahazrat Maulana Nai'muddin Muradabadi رحمہ اللہ Ke Shagird Hakimul Ummat Mufti Ahmad Yaar Khan Na'eemi رحمہ اللہ Farmate Hain-

"Taraveeh 20 Rakat Padhna Sunnat Aur 8-Padhna Khilafe Sunnat Hai."

(جاء الحق، صفحہ نمبر-٤٢٦]

Alhamdulillah Hum Ne Sarkar Imame Azam Abu Hanifah Noman Bin Sabit Koofi رضی اللہ تعالیٰ عنہ Se Hamare Ahed Ke Mash'hoor Ulama Tak Ye Sabit Kar Diya Ki Ulama E Ahnaaf Me Se Koi Bhi 8-Rakat Taraveeh Ka Qayel Nahi, Sab Ke Sab 20 Hi Ko Sunnat Kehte Hain.

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com

Agar Hum Tamam Ulame Ahnaaf Ke Aqwal Jama Karte To Daftar Ke Daftar Taiyyar Ho Jate, Magar "Aqal Mand Ra Ishara Kaafi Ast" Ke Tahet Isi Par Bas Karte Hain.

Maze Ki Baat Ye Bhi Hai Ki Sirf Ulame Ahnaaf Hi Nahi Balki Sabhi Aimmah Ke Nazdeek Taraveeh Ki 8 Rakat Sunnat Ke Khilaf Hai.

Jo Log Gair Muqallideen Ke Dhoke Me Aaye Hain Ki Hanfi Ulama 8 Rakat Taraveeh Ke Qayel Hain Wo Is Risale Ko Padh Kar Aankhen Khole'n Aur In Naam Nihaad Victorian Ahlehadees Shariron Se Apne Imaan O Aamaal Ki Hifazat Karen.

Allah Pak Hum Sab Ko Ahlesunnat Wa Jamat Mazhabe Hanafiyat Wa Maslake Alahazrat Par Qa'im Rakhe.

(Aameen Summa Aameen)

وما علينا الاالبلاغ

open in browser PRO version Are you a developer? Try out the HTML to PDF API pdfcrowd.com